# کتاب: مختصر القدوری

مدرس: ابو امجد غلام محمد عطاری مدنی

معاونین: عبد اللہ عطاری، نعیم عطاری، احسان عطاری، نوید عطاری

درجہ: ثالثہ

جامعہ: مرکزی جامعۃ المدینہ ملک کالونی نواب شاہ

1. بیع منعقد ہوتی ہے ایجاب قبول کے ساتھ جب دونوں لفظ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کے ہوں۔

1 ماضی کے۔ 2 مستقبل کے۔ 3 حال۔ ان میں سے کوئی نہیں۔

2. متعاقدین میں سے ایک نے ایجاب کیا اور دوسرا قبول کرنے سے پہلے مجلس سے کھڑا ہو گیا تو۔۔۔۔۔۔حکم ہو گا۔

1 بیع فاسد۔ 2 بیع تام۔ 3 ایجاب باطل 4. ایجاب فاسد

3. وہ چیزیں جن کی طرف واضح اشارہ ہو سکتا ہو تو اگر انکی مقدار کی پہچان نہ ہو تو بیع۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔

1 باطل۔ 2 فاسد۔ 3 مکروہ۔ 4 جائز

4. مطلق ثمن جائز نہیں مگر کہ انکی۔۔۔۔۔۔۔۔۔معلوم ہو۔

1 قدر۔۔ 2 صفت۔ 3 دونوں ضروری ہیں 4 ان میں سے کوئی نہیں۔

5. جس نے بکریوں کا ریوڑ بیچا ہر بکری ایک درھم کے بدلے اس بیع کا۔۔۔۔۔۔۔حکم ہے۔

1 تمام میں بیع فاسد 2 تمام میں بیع باطل 3 تمام میں بیع جائز 4 ایک بکری میں جائز بقیہ میں فاسد

6. کھانے کی بیع اگر معین برتن سے کی جس کی مقدار معلوم نہ ہو تو بیع۔۔۔۔۔۔۔ہے۔

1 بیع باطل۔ 2 فاسد 3 مکروہ 4 جائز۔۔

7. کیّال کی اجرت اور ثمن کے ناقد کی اجرت۔۔۔۔۔۔۔۔۔پر ہو گی۔

1 بائع پر۔ 2 مشتری۔ 3 دونوں پر آدھی آدھی 4 ان میں کوئی نہیں

8. کسی نے وہ پھل بیچے جن کا پکنا ظاہر نہ ہوا تھا تو بیع کا۔۔۔۔ہے

1 ناجائز۔۔ 2 جائز۔ 3 بیع باطل۔ 4 فاسد

9. اگر کسی نے پھل بیچے اور مخصوص ارطال جدا کر دیئے تو۔۔۔۔حکم ہے۔

1 جائز　　2 ناجائز　　3 باطل　　4 فاسد

10. خیار شرط جائز ہے بیع میں ـــــــــ کے لیے۔

1 بائع کیلئے　　2 مشتری کیلئے　　3 دونوں کیلئے　　4 جسے قاضی اختیار دے

11. خیار شرط تین دن سے زیادہ ـــــــ کے نزدیک جائز نہیں۔

1 صاحبین　　2 طرفین.　　3 شیخین.　　4 امام اعظم ابو حنیفہ علیہ رحمہ

12. جس کے لیے خیار شرط وہ مر گیا تو خیار ـــــــــ ہو گا۔

1 خیار باقی .　　2 خیار فاسد　　3 باطل.　　4 ان میں سے کوئی نہیں

13. جس نے ایسی چیز خریدی جسکو نہ دیکھا تو بیع ـــــ ہو گی۔

1 جائز..　　2 باطل...　　3 فاسد...　　4 مکروہ

14. خیار رؤیۃ ـــــــ کو ملتا ہے۔

1 بائع. . .　　2 مشتری .　　3 دونوں کو..　　4 ان میں سے کوئی نہیں

15. اگر مشتری نے لپٹے ہوئے کپڑوں کو باہر سے دیکھ لیا تو خیار رویت ـــــــ ہو گیا

1 ختم ہو گیا　　2 باقی رہے گا..　　3 باطل ہو گا　　4 ان میں سے کوئی نہیں

16. اندھے نے غیر منقولی چیز خریدی تو اسکا خیار ـــــــ سے ساقط ہو گا۔

1 اندھے کا اس جگہ جانے سے　　2 اسکو ٹٹولنے سے　　3 اسکے سامنے اوصاف بیان کرنے سے

17. جس نے دو کپڑوں میں سے ایک کو دیکھا پھر دونوں کو خرید لیا پھر دوسرے کو دیکھا تو خیار میں ـــــ کو لوٹائے گا۔

1 دونوں کو.　　2 جسکو نہیں دیکھا اسکو　　3 دونوں میں سے ایک

18. جس نے کوئی چیز خریدی پھر اس چیز کو ایک مدت کے بعد خریدا تو اگر وہ اسی وصف میں موجود ہو تو خیار۔۔۔۔۔ ہو گا۔

1 باطل..　　2 فاسد..　　3 ساقط..　　4 خیار نہیں ملے گا

19. جب مشتری مبیع میں عیب پر مطلع ہوا تو اسے اختیا ہے اگر چاہے تو۔۔۔۔۔۔ کے بدلے لے لے چاہے تو رد کر دے۔

1 ثمن کے حصے کے کے ساتھ　　2 پورے ثمن کے بدلے　　3 آدھے ثمن کے بدلے..　　4 ان میں سے کوئی نہیں

20. وکل ما اوجب نقصان الثمن فی عادۃ التجار فھو۔۔۔۔۔۔

1 الربا..　　2 مرابحۃ...　　3 خیار....　　4 عیب...

21. منہ سے بدبو آنا اور بغل میں بدبو آنا۔۔۔۔۔ میں عیب ہے۔

1 غلام میں .　　2 مولی میں　　3 لونڈی میں　　4 ان میں سے کوئی نہیں

22. منہ سے بدبو آنا اور بغل سے بدبو آنا غلام میں۔۔۔۔ کی وجہ سے عیب ہے۔

1 بیماری　　2 جب وہ کام کرتا ہو.　　3 ہر صورت میں　　4 ان میں کوئی

23. زانی اور ولد الزنا۔۔۔۔۔۔۔ میں عیب ہے۔

1 نابالغ غلام میں　　2 بالغ غلام میں　　3 لونڈی میں　　4 مکاتب میں۔

24. اگر چیز کو بیچتے ہوئے بائع نے تمام عیبوں سے براءت کی شرط لگا دی تو مشتری کا خیار عیب۔۔۔۔۔ ہو گا۔

1 نہیں ملے گا　　2 ملے گا　　3 بیع باطل ہو گی　　4 بیع فاسد ہو گی

25. اذا کان احد االعوضین او کلاھما محرم فالبیع۔۔۔۔۔۔۔

1 جائز.　　2 مکروہ.　　3 باطل.　　4 فاسد

26. مدبر مکاتب اور ام ولد کی بیع۔۔۔۔۔۔۔ ہے۔

1 ناجائز..    2 جائز..    3 فاسد..    4 باطل

27. درخت پر لگی ہوئی کھجوروں کو اتری ہوئی کھجوروں کے ساتھ بیچنا۔۔۔۔۔۔۔ کی تعریف ہے

1 تلقی جلب...    2 ضربۃ القانص...    3 بیع مزابنۃ..    4 بیع الملامسۃ

28. جس نے جمع کیا ایک آزاد کو اور ایک غلام کو بیع میں تو بیع کا۔۔۔۔۔۔۔ حکم ہے۔

1 ایک میں باطل ایک میں جائز    2 دونوں میں جائز    3 دونوں میں باطل

29. اگر کسی نے ایک اپنے غلام کو اور ایک غیر کے غلام کو بیچا تو کیا حکم ہے۔

1 اپنے غلام میں جائز    2 دونوں میں جائز    3 دونوں میں باطل    4 ان میں سے کوئی نہیں

30. دو چھوٹے ذو رحم محرم غلاموں کو بیچا تو دونوں کو جدا کرنے کا۔۔۔۔۔۔۔۔ حکم ہے۔

1 ناجائز....    2 مکروہ.....    3 جائز....    4 ان میں سے کوئی نہیں

31. اقالہ۔۔۔ہے بیع میں بائع اور مشتری کے لیے ثمن اول کی مثل سے

1 جائز....    2 ناجائز...    3 حرام...    4 مکروہ..

32. ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کے ہلاک ہونے سے اقالہ نہیں ہو سکتا

1 مبیع . . .    2 ثمن....    3 بعض مبیع کے....    3 ثمن اور مبیع

33. اس مال کو منتقل کرنا جسکا وہ مالک ہوا تھا عقد اول میں ثمن اول کے ساتھ نفع کی زیادتی کر کے۔۔۔۔۔۔۔ کہلاتا ہے۔

1 تولیہ. . .    2 ربا...    3 مرابحۃ. .    4 اقالہ....

34. اگر مشتری مرابحہ اور تولیہ میں بائع کی خیانت پر مطلع ہوا تو امام محمد علیہ الرحمہ کے نزدیک۔۔۔۔۔۔۔۔ حکم ہے۔

1 دونوں میں کمی کروائے گا    2 بیع فاسد    3 دونوں میں اسکو اختیار ہوگا    4 ان میں سے کوئی نہیں

35. غیر منقولی چیز کی بیع کرنا قبضے سے پہلے اس بارے میں امام اعظم علیہ الرحمہ کا۔۔۔۔۔۔۔موقف ہے۔

1 ناجائز　　2 بیع جائز　　3 بیع باطل　　4 بیع فاسد

36. ثمن میں تصرف کرنا قبضے سے پہلے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔

1 حرام　　2 جائز　　3 مکروہ　　4 ان میں سے کوئی نہیں

37. قرض کو موجل کرنے کا حکم۔۔۔۔۔۔ہے

1 صحیح نہیں　　2 صحیح ہے　　3 حرام ہے　　4 ان میں سے کوئی نہیں

38. ربا حرام ہوتا ہے ہر مکیلی یا موزونی چیز میں جب اسکی بیع کی جائے اسکی جنس کے ساتھ سے۔۔۔۔۔۔۔۔کر کے

1 بڑھا کر　　2 برابر برابر　　3 الف اور ب دونوں　　4 ان میں سے کوئی نہیں

39. ربا میں علت قدر مع۔۔۔۔۔۔۔۔ہے

1 تفاضل　　2 ادھار.　　3 الجنس　　4 ان میں سے کوئی نہیں

40۔ جب دونوں وصف معدوم ہو تو تفاضل اور ادھار کا۔۔۔۔۔۔حکم ہے۔

1 حلال　　2 حرام　　3 مکروہ　　4 ناجائز

41. گندم کی بیع کرنا آٹے کے بدلے۔۔۔۔۔ہے

1 ناجائز.　　2 جائز　　3 بیع فاسد　　4 بیع باطل

42. مختلف گوشت کی بیع کرنا بڑھا کر۔۔۔۔۔۔۔۔ہے

1 ناجائز　　2 جائز.　　3 فاسد .　　4 باطل

43. حیوان میں بیع سلم کرنا کا۔۔۔۔۔۔حکم ہے۔

1ناجائز 2 جائز 3فاسد 4باطل

44.امام اعظم علیہ رحمہ نے بیع سلم کے جائز ہونے کے لیے--------شرائط مقرر فرمائی ہیں۔

1 آٹھ 2 گیارہ. 3چار. 4سات

45.راس المال اور مسلم فیہ میں قبضے سے پہلے تصرف---------ہے

1 جائز. 2ناجائز 3 حرام . 4ان میں سے کوئی نہیں

46.جب-------معلوم ہو تو کچی اینٹ اور پکی اینٹ میں بیع سلم کرنا درست ہے۔

1 سانچہ 2ناپ 3وزن. 4 ان میں سے کوئی نہیں

47.ہر وہ چیز جسکی صفت اور اسکی مقدار کی پہچان بیان کرنا ممکن ہو تو اس میں بیع سلم-----ہے۔

1ناجائز 2 جائز. 3 مکروہ. 4حرام

48.شہد کی مکھی کی بیع--------کے بغیر ناجائز ہے۔

1 چھتے کے بغیر 2شہد کے بغیر 3 ان میں سے کوئی نہیں

49. ذمی کی بیع شراب پر ایسی ہے جیسے کہ مسلمان کی------پر

1 دودھ پر . 2 گوشت پر 3انگور کے شیرے پر 4بوتل پر

50.وہ بیع جس میں عوض میں سے ہر ایک ثمن کی جنس سے ہو اسے-------کہتے ہیں۔

1 بیع صرف. 2 بیع مسلم 3 بیع منابذہ 4 بیع ملامسہ

51.بیع صرف میں دونوں عوضوں میں سے ہر ایک یا دونوں پر قبضہ کرنے سے پہلے متعاقدین جدا ہو گئے تو--------ہو گا۔

1 عقد فاسد ہو گا. 2عقد باطل ہو گا 3عقد صحیح 4ان میں سے کوئی نہیں

52. سونے کی بیع کرنا چاندی کے بدلے اندازے کے ساتھ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔

1 جائز. 2 ناجائز. 3 حرام. 4 مکروہ

53. جس نے گیارہ درھم کو دس درہم اور ایک دینار کے بدلے بیچا تو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔

1 ناجائز. 2 حرام. 3 مکروہ . 4 جائز

54. اگر دینار اور درہم پر کھوٹ غالب ہو تو یہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔کے حکم میں ہونگے۔

1 درہم 2 دینار. 3 سامان 4 سونا

55. کسی نے سامان خریدا پھر اسکا رواج ختم ہو گیا اور اسکے قبضے سے پہلے لوگوں نے اس سے معاملہ کرنا چھوڑ دیا تو امام اعظم علیہ رحمہ کے نزدیک۔۔۔۔۔۔۔۔

1 مشتری پر بیع کے دن کی قیمت لازم آئے گی 2 بیع باطل 3 بیع فاسد 4 بیع تام

56. رہن مکمل ہوتا ہے ایجاب و قبول کے ساتھ اور مکمل ہوتا ہے۔۔۔۔۔۔۔کے ساتھ۔

1 قبضے کے ساتھ 2 بغیر قبضے کے 3 دین کو پورا ادے دینے سے 4 ان میں سے کوئی نہیں

57. رہن صحیح نہیں ہوتا مگر۔۔۔۔۔۔۔کے ساتھ۔

1 قرض کے ساتھ 2 دین حال کے ساتھ 3 دین مضمون کے ساتھ 4 ان میں سے جوئی نہیں

58. مشترک چیز کو بطور رہن رکھنا۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔

1 جائز. 2 ناجائز. 3 مکروہ 4 حرام

59. اگر راہن اور مرتھن رہن کو کسی عادل شخص کے پاس رکھنے پر راضی ہو تو رہن۔۔۔۔۔ہو گا

1 جائز ہو گا. 2 ناجائز. 3 رہن ختم ہو جائے گا 4 دو اور تین

60. اگر عادل شخص کے پاس رہن ہلاک ہو جائے تو یہ۔۔۔۔۔۔کے ضمان میں ہو گا۔

1 راہن کے　　2 عادل شخص پر　　3 مرتھن پر　　4 کسی پر نہیں

61 اگر راہن نے دین کو مرتھن کی اجازت کے بغیر بیچ دیا تو بیع۔۔۔۔۔۔۔۔ہو گی۔

1 بیع جائز　　2 بیع باطل　　3 بیع فاسد　　4 بیع موقوف۔

62 اور اگر راہن نے دین کے غلام کو مرتھن کی اجازت کے بغیر بیچ دیا تو آزادی کا۔۔۔۔۔۔۔حکم ہے

1 نافذ نہیں ہو گی　　2 نافذ ہو جائے گی　　3 آزادی مرتھن کی اجازت پر موقوف　　4 ان میں سے کوئی نہیں

63 رہن کی جنایت راہن۔ یا مرتھن یا ان دونوں کے مالوں پر۔۔۔۔۔۔ہے

1 قابل ضمان　　2 دین ساقط ہو گا　　3 بے فائدہ　　4 ان میں سے کوئی نہیں

64 رہن کو چرانے والے کی اجرت۔۔۔۔پر ہو گی

1 راہن　　2 مرتھن　　3 دونوں پر　　4 کسی پر بھی نہین

65 دین میں زیادتی کرنا کن کے نزدیک ناجائز ہے

1 شیخین　　2 طرفین　　3 صاحبین　　4 امام زفر

66 حجر کو ثابت کرنے والے۔۔۔۔۔۔اسباب ہیں

1 چار　　2 چھ　　3 آٹھ　　4 تین

67 جس کی عقل مغلوب ہو اسے۔۔۔۔۔کہتے ہیں

1 غلام۔　　2 بچہ　　3 مجنون　　4 بیوقوف

68 حجر کے تین اسباب حجر کو ثابت کرتے ہیں

1 اقوال میں　　2 افعال میں　　3 دونوں میں　　4 کسی میں نہیں

69 بچے اور مجنون کا عقد اور ان کے طلاق۔۔۔۔۔۔ہوتی ہے

1 صحیح ہوتی ہے　　2 صحیح نہیں ہوتی　　3 ان کے ولی کے حق صحیح ہوتی ہے　　4 1 اور 2

70 بیوقوف جب عاقل بالغ آزاد ہو تو کونسے امام ان کو مجبور نہیں کرتے۔

1 امام شافعی　　2 امام اعظم　　3 امام محمد　　4 امام یوسف

71 جب لڑکا بالغ ہو جائے لیکن بیوقوف ہو تو امام اعظم کے نزدیک مال کب دیں گے

1 جب وہ 25 سال کا ہو　　2 27 سال کا ہو　　3 20 سال کا ہو　　4 23 سال کا ہو

72 بیوقوف نے اپنی بیوی کے لئے مہر مقرر کیا تو۔۔۔۔۔۔مقرر ہو گا

1 * مہر مثلی　　2 دس درھم　　3 مقرر کردہ مہر　　4 ان مین سے کوئی نہین

73 اگر لڑکے میں بلوغت کی علامت نہ پائی جائیں تو امام اعظم کے نزدیک۔۔۔۔۔۔عمر میں بالغ ہو گا

1 25 سال　　2 15 سال　　3 18 سال　　4 17 سال

74 اگر لڑکی میں بلوغت کی علامت نہ ہو تو امام اعظم کے نزدیک۔۔۔۔۔عمر میں بالغ ہو گی

1 25 سال　　2 15 سال　　3 18 سال　　4 17 سال

75 لڑکے اور لڑکی میں اگر بلوغت کی علامت نہ ہو تو صاحبین کے نزدیک۔۔۔۔۔۔۔عمر میں بالغ ہوں گے

1 25 سال　　2 15 سال　　3 18 سال　　4 17 سال

76 کونسے امام مفلس شخص کو مجبور نہیں کرتے۔

1 امام اعظم　　2 صاحبین　　3 شیخین　　4 امام زفر

77اگر کسی نے کہالفلان علی شی اس پر۔۔۔۔۔۔چیز بیان کرنالازم ہو گی

1وہ چیز جس کا اقرار کیا    2 اس چیز کی قیمت.    3دونوں    4دونوں میں سے کوئی نہیں

78 اگر کسی نے اقرار کیا کسی چیز کا اور مقرلہ نے کہا کہ اس سے زیادہ ہے جو تونے اقرار کیا تو مقر کا قول مقر کا قول ہو گا۔۔۔۔۔۔کے ساتھ

1 گواہ کے ساتھ    2 قاضی کے فیصلے کے ساتھ    3قسم کے ساتھ    4ایک اور تین

79 اگر کسی نے کہا کہ فلاں کا مجھ پر عظیم مال ہے تو۔۔۔۔۔۔۔سے کم پر تصدیق نہیں کی جائے گی

1دس درھم    2سو درھم    3 تین سو درھم    4دو سو درھم

80اگر کسی نے کہا کہ فلاں کے مجھ پر کثیر دراھم ہیں تو۔۔۔۔۔۔سے کم پر تصدیق نہیں کی جائے گی

1 بیس درھم    2 دس درھم    3دو سو درھم    4سو درھم

81اگر کسی نے کہالہ علیّ کذا کذا درھما تو۔۔۔۔۔۔۔سے کم پر تصدیق نہیں کی جائے گی

1 گیارہ درھم    2دس درھم    3 تیس درھم    4پانچ درھم

82اگر کسی نے کہا کہ لہ علی کذا و کذا درھما تو۔۔۔۔۔۔۔۔سے کم پر تصدیق نہیں ہو گی

1گیارہ درھم    2بارہ درھم    3بیس درھم    4 اکیس درھم

83اگر کسی نے کہالہ عندی یالہ معی تو یہ۔۔۔کا اقرار ہے

1دین کا    2 امانت کا    3قرض کا    4حد کا

84اور جس نے دین کا اقرار کیا اور پھر استثناء کر دیا تمام کا استثناء۔۔۔۔ہو گا

1لازم    2فاسد    3 باطل    4ناجائز

85کسی نے اقرار کیا اور اس ہی کے ساتھ انشاءاللہ بول دیا تو اقرار کا۔۔۔۔۔حکم ہے

1لازم ہو گا　　2فاسد　　3 لازم نہیں ہو گا　　4ان میں سے کوئی نہیں

86اگر کسی نے اصطبل میں گھوڑے کا اقرار کیا تو۔۔۔۔۔۔۔لازم آئے گا

1 گھوڑا　　2اصطبل　　3دونوں　　4 کچھ بھی لازم نہیں

87اگر کسی نے کہا کہ فلاں کے مجھ پر دس کپڑوں میں سے ایک کپڑا ہے تو امام محمد کے نزدیک۔۔۔۔۔۔۔لازم آئے گا

1ایک　　2دس　　3 گیارہ　　4نو

88اجارہ وہ عقد کرنا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔پر عوض کے بدلے

1 نقصان　　2 منافع　　3سود　　4ان میں سے کوئی نہیں

89اجارہ صحیح نہیں ہوتا یہاں تک کہ منافع اور۔۔۔۔۔۔معلوم ہو

1 مستاجر　　2علت　　3مقدار　　4 اجرت

90اجراء کی کتنی قسمیں ہیں

1پانچ　　2 تین　　3چار　　4 دو

91۔اگر کسی نے اجارہ پر چوپایا لیا تاکہ وہ اس پر سوار ہو تو اس نے اس پر دوسرے کو بھی سوار کر لیا اور جانور ہلاک ہو گیا تو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔حکم ہے

1۔تمام کا ضمان دیگا　　2کوئی زمان نہیں دیگا　　3آدھا ضمان دیگا　　4ان میں سے کوئی نہیں

92۔اگر اجرت پر لئے ہوئے چوپائے کی لگام کھینچی یا اسکو مارا اور وہ ہلاک ہو گیا تو صاحبین کے نزدیک۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔حکم ہے

1 تمام کا ضمان دیگا　　2 آدھا ضمان دیگا　　3ضمان نہیں دیگا　　4ان میں سے کوئی نہیں

93۔اجارہ ان شرائط کیساتھ فاسد ہوتا ہے جن کیساتھ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔فاسد ہوتی ہے

1 نکاح　　2 اقرار　　3بیع　　4ان میں سے کوئی نہیں

94۔ اگر کپڑے کے مالک نے درزی سے کہا اگر تونے یہ کپڑا فارسی اسٹائل میں سیا تو تیرے لئے ایک درھم ہے اور اگر رومی اسٹائل میں سیا تو دو درھم ہیں تو اجارہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہو گا

1 جائز    2. ناجائز    3 حرام    4 مکروہ

95۔ پچھنا لگانے کی اجرت کا کیا حکم ہے۔

1 جائز    2 ناجائز    4 حرام    ۵ مکروہ

96. اگر دائیہ نے بچے کو بکری کا دودھ پلایا تو اس کی اجرت کا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔حکم ہے

1 پوری اجرت ملے گی    2 آدھی اجرت ملے گی    3 اجرت نہیں ملے گی    4 ان میں سے کوئی نہیں

97 ۔ نر کے نطفہ کی اجرت لینے کا کیا حکم ہے

1 جائز    2 ناجائز    3 اجارہ فاسد ہے    4 * ان میں سے کوئ نہیں

98. اگر کسی نے اقرار کیا اجنبیہ کیلیئے پھر اس سے شادی کرلی تو اقرار کا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔حکم ہے

1 اقرار باطل ہے    2 فاسد ہے    3 ساقط ہے    4 ان میں سے کوئی نہیں

99. اجارہ فاسدہ میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔واجب ہے

1 بیان کردہ اجرت    2 اجرت مثلی    3 آدھی اجرت    4 ان میں سے کوئی نہیں

100. اگر کسی نے اقرار کیا بکری کے حمل کا کسی مرد کیلیئے تو اقرار۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے

1 باطل ہے فاسد ہے    2 فاسد ہے    3 صحیح ہے    4 مکروہ ہے